© rasailojaraid.com

# تبصرۂ کتب

تبصرہ کے لئے ہر کتاب کی دو جلدیں آنا ضروری ہیں

ANSWER TO THE MODERNISM ترجمہ

## الانتباہات المفیدہ عن الاشتباہات الجدیدہ

مصنف : مولانا اشرف علی تھانوی۔

مترجمین : محمد حسن عسکری اور کرار حسین۔

ناشر : مکتبہ دارالعلوم، کراچی۔

سن طباعت : ۱۹۷۶ء ضخامت : ۱۲۰ صفحات۔

طباعت : عمدہ قیمت : درج نہیں۔

بیسویں صدی کے اوائل میں انگریزی تعلیم کے ساتھ ہی یورپ کے بعض مذہبی تضادات بھی اسلامی دنیا میں داخل ہوئے ان میں سے ایک "سائنس اور مذہب کے تصادم" کا نظریہ تھا۔ حقیقتاً یہ نظریہ زمانۂ وسطیٰ میں یورپ کے مخصوص مذہبی تضادات کا آئینہ دار تھا جس میں کلیسا نے بہت سی ایسی چیزوں کو مذہبی عقائد کا درجہ دے دیا تھا جن کا اصلاً مذہب سے تعلق نہ تھا۔ برِصغیر میں یہ کشمکش علی گڈھ کالج میں پیش آئی جو یہاں نئی تعلیم کی مرکزی علامت کے طور پر ابھرا تھا۔ نئی نسل جو اپنے روایتی ورثہ سے بہت کم آشنا تھی نئے نصابِ تعلیم کے ذریعے ان تضادات کا شکار ہو گئی۔ ان کی رہنمائی کے لئے نصابِ تعلیم سے باہر کی راہیں واضح نہیں تھیں۔ ایک طرف اعتذار پسند "اسلامی" ادب تھا جو بنیادی طور پر مغربی تمدن کی اقدار کو تسلیم کر کے آگے چلتا تھا، دوسری طرف خالص مذہبی ادب تھا جو قرونِ وسطیٰ کے طرزِ فکر اور طرزِ استدلال کی ترجمانی کر رہا تھا۔

© rasailojaraid.com